## سوال

(483) نماز پنجگانہ کا حکم قرآن میں کہاں ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز پنجگانہ کا حکم قرآن میں کہاں ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَىٰ غَسَقِ اللَّيْلِ وَقُرْآنَ الْفَجْرِ ۔ سورۃ الإسراء ۷۸ اس آیت سے نماز پنجگانہ کا ثبوت علماء دیا کرتے ہیں۔ اس کا ترجمہ ہے زوال سورج کے وقت نماز پڑھو۔ رات کے اندھیرے تک یعنی عشاء تک چار نمازیں ہوئیں۔ قرآن الفجر سے مراد صبح کی نماز ہے تفصیل حدیثوں میں آئی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد01ص632**

محدث فتویٰ